ستمبر 2024ء میں کاشتکاروں کے لئے زرعی موسمیاتی مشورے

ماہ اگست کے دوران ملک کے زیادہ تر علاقوں میں معمول سے زیادہ بارشیں ہوئیں۔ ستمبر مون سون کی بارشوں کا آخری مہینہ ہوتا ہے۔ اس مہینے ملک میں بلخصوص شمال مشرقی پنجاب اور سندھ میں معمول سے قدرے زیادہ بارشوں کا امکان ہے۔ اس کے علاوہ بعض مقامات پر تیز ہواؤں / جھکڑ اور بہت تیز بارشوں کا بھی امکان ہے۔ جبکہ بالائی خیبر پختونخواہ اور گلگت بلتستان میں معمول سے کم بارشیں متوقع ہیں۔

ستمبر کے دوران کسانوں سے مندرجہ ذیل گزارشات ملحوظ خاطر رکھنے کی گزارش ہے۔

۱۔ کپاس اس وقت اپنے نازک ترین دور میں داخل ہوگئی ہے۔ اس وقت پوداپانی کے لحاظ سے حساس ترین دور میں داخل ہوگیا ہے۔ اس حالت میں کپاس کی فصل کو پانی کی زیادتی کی صورت میں ٹینڈوں اور پھٹی کے خراب ہونے کا اندیشہ ہوتا ہے۔ اس لئے پھٹی کی چنائی کے لئے مناسب وقت کا انتخاب بہت ضروری ہے۔

۲۔ دھان کی فصل بھی اس وقت اہم مراحل میں داخل ہوچکی ہے۔ یہ وہ وقت ہے جب چاول کی فصل کو مناسب پانی کی ضرورت ہوتی ہے۔ کسان عام طور پر کھیت کو پانی سے لبالب بھر دیتے ہیں یہ ہر گز درست نہیں ہے بلکہ پانی کا ضیاع ہے۔ اس لئے مناسب مقدار میں کھیت کو پانی دیا جائے تاکہ کئی دنوں تک وہ کھڑا نہ رہے اس کفائیت سے حاصل شُدہ پانی کو کسی دوسری فصل کو مہیا کرکے اس سے بھی بہتر پیداوار حاصل کی جاسکتی ہے۔

۳۔ زیادہ بارش ہونے کی صورت میں کھیت سے نکاسی آب کا بروقت بندوبست کریں تاکہ فصلیں کسی ممکنہ نقصان سے محفوظ رہے۔

۴۔ کسان حضرات سے استدعا ہے کہ اسپرے کرنے سے پہلے محکمہ موسمیات کی دی گئی پیشن گوئی کے مطابق خشک موسم میں سپرے کا عمل مکمل کریں۔ زراعت کی کامیابی میں موسمی حالات کا بہت عمل دخل ہے اور بہتر حکمت عملی سے غیر موزوں موسمی حالات سے بھی استفادہ کیا جاسکتا ہے۔ محکمہء موسمیات کی پیشگوئی کو ملحوظ خاطر رکھ کر محکمہ زراعت کے ماہرین کی مشاورت سے اپنے معمولات طے کریں تو پیداوار میں خاطر خواہ اضافہ ممکن ہے۔

❖ کسان حضرات موسمی حالات سے متعلق مزید معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کے قریبی دفتر سے رابطہ کیا جائے۔

۱۔ نیشنل ایگرومیٹ سنیٹر پی۔ او۔ بکس نمبر 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلام آباد۔ فون نمبر: 051-9250299

۲۔ نیشنل فورکاسٹنگ سنیٹر برائے زراعت، پی۔ او۔ بکس، 1214، سیکٹر ایچ ایٹ ٹو، اسلا آباد۔ فون نمبر: 4- 9250363 -051

۳۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، نزد بارانی یونیورسٹی، مری روڈ، راولپنڈی۔ فون نمبر: 051-9292149

۴۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایوب ریسرچ انسٹیٹیوٹ، جھنگ روڈ، فیصل آباد۔ فون نمبر: 041-9201803

۵۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، ٹنڈوجام۔ فون نمبر: 022-9250558

۶۔ ریجنل ایگرومیٹ سنیٹر، ایگریکلچرر ریسرچ انسٹیٹیوٹ، سریاب روڈ، کوئٹہ۔ فون نمبر: 081-9211211

تفصیلی موسمی معلومات کیلئے محکمہ موسمیات کی ویب سائٹ **www.pmd.gov.pk** ملاحظہ فرمائیں۔